## الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 25 ویں برسی اتوار کو کراچی سمیت ملک بھر میں منائی جائے گی

## برسی کے سلسلے میں صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں ایم کیو ایم کے دفاتر پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہونگے، مرکزی اجتماع کراچی میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔۔3، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 25 ویں برسی 5 دسمبر بروز اتوار کو انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جائے گی۔ برسی کے سلسلے میں صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت ایم کیو ایم کے تمام دفاتروں میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد جائیں گے۔اس سلسلے کا مرکزی اجتماع کراچی میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں بعد نماز ظہر تاعصر منعقد ہوگا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکان پارلیمنٹرین، سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران، شعبہ جات کے اراکین اور جناب الطاف حسین کے عزیز واقارب شرکت کریں گے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت گلگت و بلتستان میں ایمبولینس سروس سینٹر کا افتتاح

گلگت۔۔۔3 دسمبر 2010ء

ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت گلگت و بلتستان میں ایمبولینس سروس سینٹر کا افتتاح کردیا گیا ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایک افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس میں حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، گلگت و بلتستان کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ ہمدرد عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ایمبولینس سینٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین نے کہا کہ ایم کیو ایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر بلا تفریق رنگ ونسل زبان و مذہب دکھی انسانیت کی عملی خدمت کررہی ہے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن ملک کے مصیبت اور مشکلات میں مبتلا دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کو اپنا شعار سمجھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اسی جذبے کے تحت آج ایم کیو ایم کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اپنے.دائرے کار کو وسیع سے وسیع تر کررہا ہے اور ملک بھر میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی مزید شاخیں قائم کررہے اور آج گلگت و بلتستان میں بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ایمبولینس سینٹر کا افتتاح کیا جارہا۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ایمبولینس سینٹر سے عوام کو سہولیت میسر آئے گی ۔افتتاحی تقریب میں عوام نے بڑی تعداد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی مالی امداد کیلئے نقد رقم، چیک دیگر عطیات جمع کروائے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے انسانی خدمت کیلئے ایک مثبت اقدام قرار دیا جس پر حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین اور ایم کیو ایم گلگت و بلتستان کے ذمہ داران وکارکنان نے انکے جذبے کو سرہا۔افتتاحی تقریب کے شرکاء نے گلگت بلتستان میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ایمبولینس سینٹر قیام پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ااور انکی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے دعا بھی کی۔

## قلات کے سیاسی، سماجی اور قبائلی رہنما ٹکری میر محمد اکبر شاہوانی کی ساتھیوں سمیت ایم کیو ایم میں شمولیت

کوئٹہ۔۔۔3 دسمبر 2010ء

قلات کے سیاسی، سماجی اور قبائلی رہنما ٹکری میر محمد اکبر شاہوانی نے اپنے ساتھیوں سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم بلوچستان کے صوبائی دفتر بلوچستان ہاؤس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد یوسف شاہوانی، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان عبدالخالق بلوچ اور زاہد قریشی سے ملاقات کے دوران کیا۔ٹکری میر محمد اکبر شاہوانی نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے بنیادی حقوق کا حصول چاہتی ہے اور انہیں فرسودہ نظام سے نجات دلانا چاہتی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت میں ایم کیو ایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے ملک کی تمام قومیتوں کے مظلوم عوام متاثر ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی فروغ پارہا ہے اور اس حق پرستانہ نظریئے کے فروغ کو بلوچستان کے عوام ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی سے تعبیر کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے ٹکری میر محمد اکبر شاہوانی کی ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد دی۔

## ایم کیوایم قومی اسمبلی میں لینڈ ریفارمڈ بل پیش کر چکی ہے،سیف یار خان،افتخار اکبر رندھاوا

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے صوبہ پنجاب کے شہر لاہور کے علاقے شالیمار ٹاؤن میں ایم کیوایم کے دفتر کا افتتاح کر دیا

## شالیمار ٹاؤن آفس کے دفتر کے افتتاح کے سلسلے میں ایم کیوایم لاہور زون سے بڑی ریلی نکالی گئی

لاہور۔۔۔3دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام صوبہ پنجاب کے شہر لاہور کے علاقے شالیمار ٹاؤن کے دفتر کا افتتاح کر دیا گیا ہے۔شالیمار ٹاؤن کے نئے دفتر کا افتتاح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور سیف یار خان نے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شبیر قائم خانی ،رکن اظہار احمد،ایم کیوایم لاہور زونل کمیٹی کے انچارج وارا کین ،کارکنان ، ہمدرد عوام اور خواتین کی بڑی تعداد موجود تھی ۔قبل ازیں شالیمار ٹاؤن کے دفتر کے افتتاح کے سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان ،افتخار اکبر رندھاوا کی سربراہی میں مسلم ٹاؤن لاہور میں واقع ایم کیوایم لاہور زون آفس سے ایک بڑی ریلی نکالی گئی ۔ریلی کے شرکاء کاروں ،موٹر سائیکلوں ،سوزوکیوں اور دیگر گاڑیوں پر سوار تھے جبکہ ریلی میں خواتین کا جذبہ بھی قابل دید تھا۔اس موقع پر شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر بھی اٹھا رکھی تھی اور وہ پرجوش انداز میں ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں پرجوش انداز میں فلک شگاف نعرے بھی لگا رہے تھے ۔ریلی لاہور کے مختلف علاقوں اور شاہراہوں سے ہوتی ہوئی شالیمار ٹاؤن آفس پر اختتام پذیر ہوئی جہاں شالیمار ٹاؤن آفس کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا۔ایم کیوایم شالیمار ٹاؤن آفس کے افتتاحی تقریب اور ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان اور افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ لاہور میں ایم کیوایم کے نئے دفتر کا افتتاح اس بات کا ثبوت ہے کہ پنجاب کے عوام جاگ اٹھے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کر کے عوامی نظام لائے گی جبکہ ایم کیوایم قومی اسمبلی میں لینڈ ریفارمڈ بل پیش کر چکی ہے اب وہی پارٹی میدان میں رہے گی جو لوگوں کے کام کرے گی ۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ملک بھر کے عوام کی طرح پنجاب کے 98 ء فیصد غریب متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام بھی فرسودہ نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں اور اب پنجاب کے عوام بھی فرسودہ نظام کی تبدیلی کے لئے قائد تحریک الطاف حسین کے ساتھ ہیں ۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ شالیمار ٹاؤن آفس کے افتتاح پر علاقے کے عوام کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ایم کیوایم شالیمار ٹاؤن آفس قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

## ایم کیوایم کے تحت آج سندھی ٹوپی اور اجرک ڈے بھرپور انداز میں منایا جائے گا

## نائن زیرو پر اجتماع منعقد ہوگا،کارکنان اور عوام سندھی ٹوپی اور اجرک پہن کر سندھ دھرتی کی ثقافت سے پیار،محبت اور عقیدت کا اظہار کریں گے

کراچی۔۔۔3،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سندھی ٹوپی اور اجرک ڈے بھرپور انداز میں منایا جائے گا اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر آج بروز ہفتہ کی شام منعقد کی جائے گی ۔تقریب میں کارکنان اور عوام سندھی ٹوپی اور اجرک پہن کر سندھ دھرتی کی ثقافت سے اپنے پیار، محبت اور عقیدت کا اظہار کریں گے ۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کارکنان وعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ سندھی ٹوپی اور اجرک ڈے کے موقع پر نائن زیرو پر منعقدہ تقریب میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور سندھ کی تاریخی ثقافت کو اجاگر کریں ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ دھرتی سے عقیدت ومحبت کا تقاضہ ہے کہ اس کی ثقافت کو فروغ دیا جائے اور ملک بھر میں سندھی ٹوپی اجرک ڈے کے موقع پر پیار،محبت اور خلوص کا پیغام دیا جائے۔

## ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن عبدالوحید جوکھیو کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔3،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن عبدالوحید جوکھیو اور ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر کے سیکٹر ممبر حاجی اظہر علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ کھپرو 1/A کے کارکن لکھانو کمار کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگواران کو صبر کی تلقین کی ۔

## ایم کیوایم نارتھ کراچی، نارتھ ناظم آباد، لانڈھی، گورنگی، گڈاپ سیکٹرز اور قمبر شہدادکوٹ زون کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔3،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137/A کے کارکن محمد خالد چنگیزی کے والد محمد رفیق، ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137/A کے کارکن محمد ریاض کے بھائی محمد راشد، ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 133 کے آفس سیکریٹری نسیم اختر کی والدہ محترمہ سید فاطمہ بی بی، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن آصف الدین کے والد یوسف الدین، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن مجاہد کی والدہ محترمہ ناصرہ بیگم، ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ قمبر علی خان کے کارکن عاشق حسین چانڈیو کے والد غلام محمد چانڈیو اور ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن عبدالوحید جوکھیو، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی رکن حاجی عبدالستار، گورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن راشد کی ہمشیرہ رابعہ بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## معذوروں کی فلاح و بہبود کیلئے ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ فلاحی ادارے تعمیر کیے جائیں، کشور زہرہ

کراچی:03/دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج اور حق پرست رکن قومی اسمبلی کشور زہرہ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر شاہ فیصل کالونی میں معذوروں کی فلاح و بہبود کیلئے قائم ادارے (Freedom Equality An Education Disable) کا دورہ کیا اور وہاں پر موجود معذور بچوں، بچیوں کو قائد تحریک کی جناب سے پھولوں کے گلدستے سمیت دیگر تحائف بھی پیش کئے۔اس موقع پر کشور زہرہ نے ادارے کی انتظامیہ اور معذوروں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ معذوروں کی فلاح و بہبود کیلئے ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ فلاحی ادارے تعمیر کیے جائیں تاکہ ملک بھر کے معذوروں نہ صرف عزت کی زندگی گزار سکیں بلکہ انہیں دیگر سہولیات بھی مہیا ہوسکیں۔انہوں نے کہا کہ جھوٹے وعدوں اور دعوؤں کے ذریعے یا محض مختلف سیمینار اور تقاریب کا سہارا لیکر معذور افراد کے زخم پر مرہم نہیں رکھی جاسکتی بلکہ اس اہم مسئلے پر سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عملی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔کشور زہرہ نے کہا کہ معذوروں کو بھی دیگر شہریوں کی طرح زندگی کے دیگر شعبوں میں بھی برابری کے حقوق دیئے جائیں تاکہ وہ اپنے آپ تنہا محسوس نہ کریں۔

☆☆☆☆☆